حسنِ انتقاد

تبصرہ کے لئے دو کتابوں کا آنا ضروری ہے

سید محمد ذوالکفل بخاری۔

تذکار حافظ عبدالغفور جہلمی رحمہ اللہ

مؤلف: قاضی محمد اسلم سیف فیروز پوری۔

ناشر: مکتبہ تعلیم الاسلام، جامعہ تعلیم الاسلام، ماموں کانجن فیصل آباد۔

کتابت طباعت: عمدہ ضخامت: ۱۹۲ صفحات۔ قیمت: درج نہیں۔

جامعہ علوم اثریہ، جہلم کے بانی مولانا حافظ عبدالغفور جہلمی رحمہ اللہ .... ہمارے دور کے ممتاز اہل حدیث زعماء میں سے تھے۔ ۱۹۸۶ء میں وفات پائی۔ تب ان کی موت پر ایک عالم سوگوار تھا۔ ان کی زندگی پر اب بھی ایک خلق رشک کرتی ہے۔

مرحوم کے دوست بلکہ جگری دوست مولانا قاضی محمد اسلم سیف فیروز پوری نے زیر نظر تذکرہ لکھ کر حق دوستی اور حق رفاقت ہی ادا نہیں کیا، مذہبی موضوع و مزاج کی کتب میں ایک خوشگوار اضافہ بھی کیا ہے۔ ایک ایسی شخصیت جو تدریسی، تنظیمی اور تحریکی اعتبار سے اپنے ماحول میں ہمیشہ غالب و فائق اور اپنے دور میں ممتاز و نمایاں رہی...... اس کتاب میں اپنے بھرپور تعارف اور روشن کارناموں کے ساتھ جلوہ آرا ہے۔ یہ ایک عالم باعمل کا تذکرہ ہے۔ اور بظاہر اتنا کہہ دینا ہی کافی ہے۔ لیکن ہمارا دور چونکہ الفاظ کی ذلت و رسوائی، تراکیب کے استحصال اور معانی کی مزدہ حالی کا دور ہے، اس لئے میں مکرر عرض کرتا ہوں کہ یہ واقعی ایک عالم باعمل کا تذکرہ ہے۔ لائق مطالعہ اور قابل استفادہ!

رواداری اور دینی غیرت

مؤلف: ڈاکٹر محمد صدیق شاہ بخاری

ناشر: مجلس تحفظ ختم نبوت ننکانہ صاحب، ضلع شیخوپورہ

کتابت طباعت: عمدہ/ضخامت: ۸۸، صفحات/قیمت: درج نہیں۔

فاضل مؤلف کے الفاظ میں اس کتابچے میں...... رواداری کے نام پر امت مسلمہ کی رگوں سے جوہر غیرت ختم کرنے کی بھیانک سازش سے پردہ اٹھتا ہے۔ اور...... رواداری و بے غیرتی اور رواداری و تنگ